© rasailojaraid.com



اس امر کی بھی اشد ضرورت ہے کہ عامۂ مسلمین کو مبادیات دین اور عام شرعی احکام و مسائل سے روشناس کرایا جائے۔ اس لحاظ سے جمعیت کی یہ کوشش یقیناً لائق ستائش ہے کہ اس نے عام فہم دینی و اصلاحی لٹریچر کی تیاری اور اپنے وسائل سے اس کی مفت تقسیم کا بیڑا اٹھایا ہے۔ یہ لٹریچر مندرجہ بالا پتوں سے خط لکھ کر بلا قیمت منگوایا جا سکتا ہے۔ حتیٰ کہ ڈاک خرچ بھی جمعیت خود برداشت کرتی ہے۔ مرکزی مجلس منتظمہ کے صدر محمد منصور الزماں صدیقی صاحب بطور خاص مستحق مبارکباد ہیں کہ وہ نہ صرف ان رسائل کی ترتیب و اشاعت کا اہتمام کرتے ہیں بلکہ جمعیت کے دوسرے رفاہی کاموں کو بھی انجام دیتے ہیں۔

(شرف الدین اصلاحی)

---

## گلدستۂ طب و صحت (حصہ اول)

مصنف: زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد

ضخامت: ۲۵۸ صفحات قیمت دس روپے

پتا: مکتبہ نور الصحت، عبدالکریم روڈ۔ قلعہ شاہ فیصل۔ لاہور

گلدستۂ طب و صحت حصہ اول حکیم نور احمد صاحب کی نہایت مفید کتاب ہے۔ جس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۷۳ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ اس کتاب کا ۱۹۷۷ء میں شائع ہونے والا تیسرا ایڈیشن ہے جس میں حکیم صاحب موصوف نے مزید ترمیم و اضافہ کرکے اسے اور زیادہ مفید اور کارآمد بنا دیا ہے۔

گلدستۂ طب و صحت میں ہمارے ملک کے پھلوں، پھولوں، سبزیوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور جڑی بوٹیوں کے خواص اور مختلف امراض و تکالیف میں ان سے فائدہ اٹھانے کے طریقے آسان اور قابل فہم انداز میں تحریر کئے گئے ہیں ۔ ہر پڑھا لکھا شخص اس سے بخوبی فائدہ اٹھا سکتا ہے جو نہیں پڑھ سکتے، وہ دوسروں سے سن کر اس سے استفادہ کر سکتے ہیں ۔

مختلف پھلوں، جڑی بوٹیوں، سبزیوں یا اشیا کے خواص و اثرات بیان کرتے ہوئے حکیم صاحب نے بہت سی بیماریوں اور عوارض کے لئے نہایت مفید اور عمدہ نسخے بھی تحریر فرما دئے ہیں ۔ اس طرح یہ کتاب عام معلومات اور طبی ہدایت کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں اور تکالیف کے ازالہ کے لئے مفید نسخوں اور گرد و پیش پائی جانے والی اشیاء کے خواص دونوں کا ایک گراں مایہ اور قابل قدر مجموعہ بن گئی ہے ۔

ہمارے معاشرے میں غربت و جہالت کے دوش بدوش امراض اور بیماریوں کی کثرت ایک چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے ۔ لیکن انگریزی طریق علاج کی ہوشربا گرانی اور عوام‌الناس کے لئے اس کا عسیر الحصول ہونا خود ایک سنگین اور ہمت شکن مسئلہ ہے۔ اس پس منظر میں طب و صحت کی مفید و آسان کتابوں کی اشاعت اور سستے طریق علاج کی تعلیم ایک قومی ضرورت ہے ۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد کو صحت کے اصولوں سے آگاہ کیا جا سکے اور وہ احتیاط و پرہیز کے ساتھ آسان علاج سے فائدہ اٹھا سکیں ۔ گلدستۂ طب و صحت اس مقصد کو بحسن و خوبی پورا کرنے والی کتاب ہے، جس میں حکیم نور احمد صاحب نے اپنے اور اپنے والد گرامی حکیم اللہ بخش جالندھری مرحوم کے مجرب نسخے افادۂ عام اور نفع رسانی خلق کے لئے شائع کردئے ہیں ۔

حکیم صاحب موصوف کی اس کتاب کا حصہ دوم بھی شائع ہوچکا ہے اور وہ بھی نہایت مفید اور قابل قدر ہے ۔ اس کے علاوہ موصوف نے ایک اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عمدہ کتاب ''سستی اور طاقتور غذائیں،، دو حصوں میں شائع فرمائی ہے۔ یہ تمام کتابیں اس قابل ہیں کہ ہر پڑھے لکھے آدمی کے گھر میں موجود ہوں اور ان سے فائدہ اٹھایا جائے۔

دیسی طریق علاج کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ ارزاں اور بے ضرر ہے۔ جب کہ انگریزی دوائیں گراں ہونے کے ساتھ ساتھ بسا اوقات اپنے رد عمل سے کوئی نیا عارضہ پیدا کرکے مریض کو کسی اور مشکل میں پھنسا دیتی ہیں۔ ہمارے ملک میں جہاں اندھادھند پیٹینٹ دواؤں کا استعمال ڈاکٹر صاحبان کراتے ہیں ایسی صورتیں پیدا ہوتی رہتی ہیں۔

حکیم نور احمد صاحب اس مفید سلسلہ تصانیف کے لئے بجا طور پر شکر و سپاس کے مستحق ہیں، ملک کی تمام لائبریریوں اور تعلیمی اداروں کے مجموعہ کتب میں یہ اہم کتاب موجود ہونی چاہئے۔

(انیس احمد اعظمی)

---



© rasailojaraid.com